نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سرآغاخان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب نے گندم کے کاشتکاروں کے لئے کٹائی گہائی کے دوران احتیاطی تدابیر سے متعلق سفارشات جاری کردیں

لاہور: 29 مارچ 2023( ) ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے کہا ہے کہ گندم کی فصل کی کٹائی، گہائی اور سنبھال کے دوران پیش آنے والے زرعی عوامل خاص طور پر اہمیت کے حامل ہیں۔ترجمان نے بتایا کہ کٹائی کے بعد گندم کی پیداوار کا 10 فیصد حصہ مختلف وجوہات کی بنا پر ضائع ہوجاتا ہے لہٰذا ضروری ہے کہ کٹائی سے قبل اچھی منصوبہ بندی کی جائے۔کاشتکار گندم کی کٹائی کے دوران ریڈیو اور ٹیلی ویژن سے نشر ہونے والے پیغامات کو توجہ سے سنیں اور اگر بارش کا خطرہ ہو تو گندم کی کٹائی روک دیں۔ترجمان نے مزید بتایا کہ گندم کی کٹائی کیلئے سب سے بہترین مشین کمبائن ہارویسٹر ہے جس کے استعمال سے کافی حد تک پیداوار کے ہونے والے نقصان کو کم کیا جاسکتا ہے۔کاشتکار گندم کی فصل کی برداشت نہ وقت سے پہلے نہ تاخیر سے کریں کیونکہ دونوں صورتوں میں پیداوار کا نقصان ہوجاتا ہے۔کاشتکار کٹائی گہائی شروع کرنے سے پیشتر مزدوروں، تھریشر، ترپال، پلاسٹک چادر اور کمبائن ہارویسٹر کا انتظام کرلیں۔ترجمان نے یہ بھی بتایا کہ کاشتکار کٹائی فصل کے پوری طرح پکنے پر کریں اور بارش ہونے کی صورت میں گندم کی فصل سے زائد پانی کی نکاسی کا انتظام کریں۔کاشتکار گندم کی کٹائی اس وقت شروع کریں جب دانوں میں نمی کا تناسب 10 فیصد رہ جائے اس کے لئے دانوں کو دانتوں کے تلے چبائیں اور " کڑک" کی آواز آنے کی صورت میں کٹائی شروع کریں۔کاشتکار فصل سے جڑی بوٹیوں، کانگیاری اور غیر اقسام کے پودوں سے پاک کرلیں اور فصل کی ہر قسم کے لئے علیحدہ کھلیان لگائیں۔کاشتکار گندم کی کٹائی کے بعد بھریاں قدرے چھوٹی باندھیں اور سٹّوں کا رُخ ایک طرف رکھیں۔کھلواڑے چھوٹے رکھیں اور اونچے کھیتوں میں کھلیان لگائیں۔اس کے علاوہ کھلواڑوں کے اردگرد کھائی ضرور بنائیں تاکہ بارش کے پانی کی نکاسی کی جاسکے۔

☆☆☆☆